☆



Roll No.________________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Paper Code | 8 | 0 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی)

گروپ-I

وقت: 30 منٹ

نمبر: 20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیئے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C, اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1. (الف) درست جواب کا انتخاب کیجیے:

1. "عمر ثانی" کس کا لقب ہے؟

(A) حضرت عثمانؓ (B) حضرت سعدؓ (C) حضرت سلیمان فارسیؓ (D) حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ

2. سید احمد بریلویؒ نے مذہبی جہاد کی مہم کس کے خلاف شروع کی؟

(A) انگریزوں کے (B) ہندوؤں کے (C) سکھوں کے (D) سب کے

3. اکبری نے ازار بند کتنے کا لیا تھا؟

(A) چار آنے کا (B) پانچ آنے کا (C) چھ آنے کا (D) دو روپے کا

4. "ہوائی" کا دار السلطنت ہے۔

(A) ٹوکیو (B) ہانگ کانگ (C) کلکتہ (D) ہونولولو

5. وائرلیس کے موجد ہیں۔

(A) جان رائیٹ (B) مارکونی (C) ارسطو (D) افلاطون

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

6. چچا بھتیجا لڑ--------

(A) پڑا (B) پڑی (C) پڑے (D) پڑیں

7. گھر ماں کی سلطنت--------

(A) ہوتا ہے (B) ہوتے ہیں (C) ہوتی ہے (D) ہوتیں ہیں

8. گھوڑا گاڑی--------

(A) بک گئی (B) بک گیا (C) بک گئے (D) بک گئیں

9. مرض بڑھتا گیا--------دوا کی۔

(A) جب (B) جوں جوں (C) تب (D) جیسے جیسے

10. مشکل الفاظ کے معنی لکھیں----جملوں میں بھی استعمال کریں۔

(A) بلکہ (B) اور (C) ورنہ (D) نیز

(ج) درست رموزِ اوقاف کا انتخاب کیجیے۔

11. "ختمہ" کی تعریف ہے۔

(A) سب سے کم ٹھہراؤ (B) مکمل ٹھہراؤ کی علامت (C) سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ (D) وقفہ سے کم ٹھہراؤ

12. "تفصیلیہ" کی تعریف ہے۔

(A) تفصیل بیان کرنے کی علامت (B) وقفے کی علامت (C) پکارنے کی علامت (D) سوال کی علامت

13. ؟ یہ علامت ہے۔

(A) ندائیہ (B) ختمہ (C) رابطہ (D) سوالیہ

14. " " یہ علامت ہے۔

(A) قوسین (B) واوین (C) خط (D) فجائیہ

15. جملہ معترضہ کے دونوں جانب کون سی علامت ہوتی ہے؟

(A) " " (B) / (C) ! (D) ( )

(د) درست امدادی افعال کا انتخاب کیجیے۔

16. جانا:۔

(A) تم یہاں سے جاؤ۔ (B) وہ سکول جاتا ہے۔ (C) مجھے لاہور جانا ہے۔ (D) یہاں سے چلے جاؤ۔

17. لینا:۔

(A) یہ کتاب لو۔ (B) آپ نے کیا لینا ہے؟ (C) کسی سے بدلہ مت لو (D) میں نے چائے پی لی ہے۔

18. بیٹھنا:۔

(A) وہ ہمت ہار بیٹھا ہے۔ (B) وہ کرسی پر بیٹھا ہے۔ (C) آرام سے بیٹھو۔ (D) تو یہاں کیوں بیٹھا ہے؟

19. ہونا:۔

(A) کل تیز بارش ہوئی۔ (B) دھماکہ کہاں ہوا ہے؟ (C) وہ سویا ہوا ہے۔ (D) اُسے کیا ہوا ہے؟

20. پڑنا:۔

(A) وہ رو پڑا۔ (B) وہ میرے پیچھے پڑا ہے۔ (C) راستے میں پتھر پڑا ہے۔ (D) تو کس چکر میں پڑا ہے۔

Roll No.______ اُمیدوار خود پُر کرے | (For all sessions) | Subject Code 6 0 0 2

اُردو لازمی (انشائیہ) گروپ -I

وقت: 2:30 گھنٹے

کل نمبر =80

## حصہ اوّل

2. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+1+8

جلالِ آتش و برق و سحاب پیدا کر
اجل بھی کانپ اُٹھے ، وہ شباب پیدا کر
صدائے تیشۂ مزدور ہے تیرا نغمہ
تو سنگ وخشت سے چنگ و رباب پیدا کر

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+(3x3)

(i) کبھی ہر جلوۂ صد رنگ تھا حاصل نگاہوں کو
اب اشکِ خوں بھی چشمِ شوق کو حاصل نہیں ہوتا

(ii) ہر اک کارِ تمنا پر یہ مجبوری ، یہ مختاری
مجھے آساں نہیں ہوتا ، تجھے مشکل نہیں ہوتا

(iii) ہمیں ہنگامہ آراء تھے مگر ہم جب سے ڈوبے ہیں
کہیں طوفاں نہیں اُٹھتا ، کہیں ساحل نہیں ہوتا

## حصہ دوم

3. درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سیاق وسباق، سبق کا نام اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 15=1+1+3+10

(الف) آدمی کے پہچاننے میں انھیں خاص ملکہ تھا۔ تھوڑی سی ملاقات اور بات چیت میں آدمی کو پوری طرح سے بھانپ لیتے تھے۔ ان کے ملنے والے برے اور بھلے ہر قسم کے آدمی تھے۔ دنیا نیکوں ہی کے لئے نہیں اس میں بروں کا بھی حصّہ ہے اور شاید دنیا کی بہت کچھ رونق انھی کے دم سے ہے وہ دونوں سے کام لیتے تھے۔

(ب) اصل میں مولانا کو اخبار کی زبان اور کتابت کی صحت کا بڑا خیال رہتا تھا۔ کاتبوں کی جان الگ آفت میں ایڈیٹر الگ مصیبت میں مبتلا۔ جب تک مولانا دفتر میں ہیں غل غپاڑہ مچا ہوا ہے۔ جوں ہی کاپی پر نظر پڑی تو شور مچ گیا ارے یہ کیا کیا؟ یہ عبارت تو بالکل مہمل ہے اس مراسلے کی تصحیح نہیں ہوئی۔ یوں ہی کاتب کو دے دیا گیا ہے۔

4. درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+9

(i) مناقب عمر بن عبدالعزیزؒ (ii) ایک سفرنامہ جو کہیں کا بھی نہیں ہے۔

5. نظم "ایک کوہستانی سفر کے دوران میں" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیے۔ 20

(i) سائنس اور اکیسویں صدی (ii) کالج میں میرا پہلا دن (iii) تعمیرِ معاشرہ میں طلباء کا کردار

7. اپنے دوست کے والد کی وفات پر تعزیت کا خط تحریر کریں۔ 10

☆

Inter- (Part-II)-A- 2015

Roll No.________ امیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

| Paper Code | 8 | 0 | 2 | 2 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی) گروپ-II

وقت: 30 منٹ

نمبر: 20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

**1. (الف) درست جواب کا انتخاب کیجیے:**

1. رستم کس جنگ میں مارا گیا؟
(A) جنگ موتہ (B) جنگ قادسیہ (C) جنگ یرموک (D) جنگ نہروان

2. بصری ریشہ کب ایجاد ہوا؟
(A) 1960ء (B) 1965ء (C) 1970ء (D) 1975ء

3. محنت پسند خردمند نے کس کا دودھ پیا؟
(A) کمال (B) تدبیر (C) امید (D) احتیاج

4. "بحیرہ قلزم" "لندن کی ایک صبح" کس شاعر کی نظمیں ہیں؟
(A) علامہ اقبال (B) جوش ملیح آبادی (C) ظفر علی خان (D) احسان دانش

5. شاہد احمد دہلوی رشتہ میں نذیر احمد کے کیا تھے؟
(A) بھائی (B) چچا (C) بیٹا (D) پوتا

**(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔**

6. پڑھنا لکھنا-----------
(A) میرے مشغلے ہیں (B) میرا مشاغل ہیں (C) میری مشغلہ ہے (D) میرا مشغلہ ہے

7. خطوط غالب چھپ---------
(A) گئے ہیں (B) گئی ہے (C) گیا ہے (D) گئی ہیں

8. اگرچہ طلحہ امیر ہے-------کنجوس ہے۔
(A) تو (B) لیکن (C) جو (D) کہ

9. ------تم آئے نہ کھیل جا سکا۔
(A) اگرچہ (B) چونکہ (C) تو (D) نہ

10. میں سوچ لوں--------جواب دوں گا۔
(A) مگر (B) پر (C) تو (D) یا

**(ج) درست رموزِ اوقاف کا انتخاب کیجیے۔**

11. ؛ علامت ہے۔
(A) سکتہ (B) رابطہ (C) وقفہ (D) ختمہ

12. استفہامیہ-----------ہے۔
(A) پکارنے کی علامت (B) حیرت کی علامت (C) سوالیہ علامت (D) جملہ معترضہ کی علامت

13. حیرت، خوشی کا اظہار کون سی علامت کرتی ہے؟
(A) ندائیہ (B) سوالیہ (C) رابطہ (D) فجائیہ

14. ورزش کے فوائد درج ذیل ہیں:- کون سی علامت استعمال ہوئی ہے؟
(A) وقفہ (B) سکتہ (C) تفصیلیہ (D) سوالیہ

15. سکتہ---------ہوتا ہے۔
(A) مختصر ٹھہراؤ (B) طویل ٹھہراؤ (C) مکمل ٹھہراؤ (D) ٹھہراؤ

**(د) درست امدادی افعال کا انتخاب کیجیے۔**

16. اٹھنا:-
(A) بچہ اٹھ گیا ہے (B) مریض درد سے بلبلا اٹھا (C) جلدی اٹھو (D) یہاں سے کب اٹھو گے

17. لینا:-
(A) اخبار لیتے آؤ (B) کتاب لاؤ (C) ثمینہ کھیل میں حصہ لیتی ہے۔ (D) عدنان نے کوٹھی خرید لی ہے۔

18. لگنا:-
(A) تم میرے کیا لگتے ہو (B) بچہ خوبصورت لگ رہا ہے۔ (C) تیر نشانے پر جا لگا (D) تم اچھے لگتے ہو

19. جانا:-
(A) مجھے مسجد جانا ہے۔ (B) دل کا شیشہ آخر ٹوٹ گیا (C) یہاں سے جاؤ (D) تم کیا جانتے ہو

20. آنا:-
(A) جلدی چلے آؤ (B) علی آ گیا ہے۔ (C) کون آیا ہے۔ (D) تم کب آؤ گے

| Roll No.______ اُمیدوار خود پُر کرے | (For all sessions) | Subject Code | 6 | 0 | 0 | 2 |
|---|---|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (انشائیہ)

## گروپ -II

وقت: 2:30 گھنٹے

## حصہ اوّل

کل نمبر =80

2. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+1+8

ایک بوسیدہ ، خمیدہ ، پیڑ کا کمزور ہاتھ
سیکڑوں گرتے ہوؤں کی دستگیری کا امیں
آہ ! اُن گردن فرازانِ جہاں کی زندگی
اک جھکی ٹہنی کا منصب بھی جنھیں حاصل نہیں

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+(3x3)

(i) آخر کو ہو کے لالہ اُگا نو بہار میں
خونِ شہیدِ عشق نہ زیرِ زمیں رہا

(ii) دی جان ایسے ہوش سے اپنی کہ خلق کو
جینے کا میرے تادمِ آخر یقیں رہا

(iii) یارانِ گرم رو تو سب آگے نکل گئے
ان میں تنگِ قافلہ پیچھے کہیں رہا

## حصہ دوم

3. درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سیاق و سباق، سبق کا نام اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 15=1+1+3+10

(الف) طمع ایسی چیز ہے کہ بڑا سیانا آدمی بھی دھوکہ کھا جاتا ہے۔ جنگلی جانور، مینا، طوطا، لال، بلبل آدمی کی شکل سے بھاگتے ہیں لیکن دانے کی طمع سے جال میں پھنس جاتے ہیں اور زندگی بھر قفس میں قید رہتے ہیں۔ اسی طرح محمد عاقل اپنا فائدہ دیکھ کر خوش ہوا اور جب مزاج دار نے کہا کہ وہ جُمن بیگم کا تمام اسباب جو بکنے کو نکلے گا، میرے پاس لانے کا وعدہ کر گئی ہے تو محمد عاقل نے کہا ''ضرور دیکھنا چاہیے لیکن ایسا نہ ہو چوری کا مال ہو۔ پیچھے خرابی پڑے اور ہاں جُمن کوئی ٹھگنی نہ ہو۔''

(ب) ہم نے اکثر شاعروں کو دیکھا ہے کہ شعر کہنا چاہتے ہیں تو شفاالملک حکیم فقیر محمد صاحب چشتی سے رجوع کرتے ہیں اور ہفتے بھر کا مسہل لے لیتے ہیں اور پھر فی یوم ایک شعر کے حساب سے کہتے چلے جاتے ہیں۔ ذرا گھر میں شور ہوا اور وہ سر کے بال نوچنے لگے۔ ''ہائے عنقائے مضمون دام میں آ کے چلا گیا۔ کم بختو! ملعونو! تمہارے شور نے اسے اڑا دیا'' مولانا ظفر علی خاں کا یہ حال نہیں۔ جس طرح ہم اور آپ نثر لکھتے ہیں اسی طرح وہ شعر کہتے چلے جاتے ہیں۔

4. درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+9

(i). پہلی فتح (ii). ایوب عباسی

5. الطاف حسین حالی کی نظم ''اسلامی مساوات'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیے۔ 20

(i). اسوۂ حسنہ ﷺ (ii). موبائل فون کے فوائد و نقصانات (iii). طلباء اور تعمیر وطن

7. دوست کے نام خط لکھ کر بھائی کی شادی میں شرکت کی دعوت دیں۔ 10

Inter- (Part-II)-A- 2016

☆☆☆☆

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

| Paper Code | 8 | 0 | 2 | 7 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی) گروپ-I

وقت: 30 منٹ

نمبر: 20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیئے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C, اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B،C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

**1. (الف) درست جواب کا انتخاب کیجیے:**

1. اکبری کے شوہر کا نام تھا۔
(A) محمد عادل (B) محمد کامل (C) محمد عاقل (D) محمد عالل

2. قادسیہ کی جنگ میں ایرانیوں کو کس شخصیت پر بھروسا تھا؟
(A) رستم (B) سہراب (C) محمد بن قاسم (D) مثنیٰؓ

3. ڈاکٹر گلبرگ اسکیموؤں پر کتاب لکھنے کے لیئے کہاں جا کر رہے؟
(A) انگلینڈ (B) فن لینڈ (C) پولینڈ (D) گرین لینڈ

4. عمر بن عبدالعزیزؒ اپنے جس غلام کو عزیز رکھتے تھے، اُن کا نام تھا۔
(A) ابنِ سلیمان (B) عبدالملک (C) مزاحم (D) ہشام

5. سرسید نے کون سا رسالہ جاری کیا تھا؟
(A) تہذیب (B) تہذیبِ نسواں (C) تہذیب وتمدن (D) تہذیب الاخلاق

**(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔**

6. سب آئے ________ وہ نہ آیا۔
(A) جو (B) مگر (C) اگر (D) تو

7. ________ کچھ بھی ہو، اُس پر اثر نہیں ہوگا۔
(A) اگر (B) مگر (C) چاہے (D) چنانچہ

8. وہ خوب صورت ہی نہیں ________ خوب سیرت بھی ہے۔
(A) اور (B) صرف (C) لیکن (D) بلکہ

9. صبح خیزی میرا معمول ________
(A) تھا (B) تھی (C) تھے (D) گی

10. احمد نے کرسی، میز اور پلنگ ________
(A) خریدا (B) خریدے (C) خریدی (D) خریدو

**(ج) درست رموزِ اوقاف کا انتخاب کیجیے۔**

11. " " یہ علامت اُردو میں کہلاتی ہے۔
(A) قوسین (B) واوین (C) ندائیہ (D) سوالیہ

12. بازار سے چاول ____ چینی اور آٹا لاؤ۔
(A) ۔ (B) ، (C) ! (D) ( )

13. مختصر ترین ٹھہراؤ کے لیئے علامت استعمال ہوتی ہے۔
(A) ، (B) ؛ (C) ۔ (D) ؟

14. پکارنے والے الفاظ کے آخر میں علامت استعمال ہوتی ہے۔
(A) ، (B) ؟ (C) ! (D) ۔

15. :۔ یہ علامت اُردو میں کہلاتی ہے۔
(A) وقفہ (B) ختمہ (C) فجائیہ (D) تفصیلیہ

**(د) درست امدادی افعال کا انتخاب کیجیے۔**

16. بیٹھنا:۔
(A) سب آپ کے انتظار میں بیٹھے ہیں (B) آؤ، یہاں بیٹھو (C) اک پرندہ میری دیوار پہ آبیٹھا ہے (D) وہ میرے حق میں بیٹھ گیا ہے

17. چاہنا:۔
(A) میں اب اجازت چاہتا ہوں (B) نماز کا وقت ہوا چاہتا ہے (C) میرا کھیلنے کو دل چاہتا ہے (D) آپ کو اور کیا چاہیے

18. نکلنا:۔
(A) زخم سے خون بہہ نکلا (B) کمرے سے جلدی نکلو (C) شہر میں جلوس نکل رہے ہیں (D) پودا زمین سے نکل آیا ہے

19. دینا:۔
(A) اُس نے مجھے محفل سے اُٹھا دیا (B) مہمان کو کھانا دے آؤ (C) غریب کو کون ادھار دیتا ہے (D) مجھے ایک گلاس پانی دو

20. پانا:۔
(A) کس نے اُس کا نشان پایا ہے (B) میں اپنے دوست سے نہ مل پایا (C) جہاں جائیے گا ہمیں پائیے گا (D) میں اُسے دیکھ کر ایسا کھویا کہ دشمن پا گئے

| Roll No.______ اُمیدوار خود پُر کرے | (For all sessions) | Subject Code 6 0 0 2 |
|---|---|---|

# اُردو لازمی (انشائیہ)

گروپ -I

وقت: 2:30 گھنٹے

کل نمبر =80

## حصہ اوّل

2. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+1+8

کمال اُن میں رہتے ہیں باقی ، نہ جوہر
نہ عقل اُن کی ہادی ، نہ دین اُن کا رہبر
نہ دنیا میں ذلت نہ عزت کی پروا
نہ عقبیٰ میں دوزخ نہ جنت کی پروا

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (3x3)+10=1

(i) باغ وہ دشتِ جنوں تھا کہ کبھی جس میں سے
لالہ و گل گئے ثابت نہ گریباں لے کر

(ii) پردۂ خاک میں سو ، سو رہے جا کر افسوس
پردہ رخسار پہ کیا کیا مہِ تاباں لے کر

(iii) ابر کی طرح سے کر دیویں گے عالم کو نہال
ہم جدھر جاویں گے ، یہ دیدۂ گریاں لے کر

## حصہ دوم

3. درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سیاق و سباق، سبق کا نام اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 15=1+1+3+10

(الف) مسلمانوں کی خود اعتمادی کا یہ عالم تھا کہ انھیں اپنے سپہ سالار کی عدم موجودگی کا احساس تک نہ تھا۔ ہماری تاریخ میں آپ کو کوئی ایسا واقعہ نہیں ملے گا جب سالار کی شہادت سے بددل ہو کر مجاہدوں نے ہتھیار ڈال دیے ہوں۔ ہم بادشاہوں اور سالاروں کے لئے نہیں لڑتے۔ ہم خدا کے لئے لڑتے ہیں۔ بادشاہوں اور سالاروں پر بھروسہ کرنے والے ان کی موت کے بعد مایوس ہو سکتے ہیں۔ لیکن ہمارا خدا ہر وقت موجود ہے۔ قرآن میں ہمارے لئے اس کے احکام موجود ہیں۔

(ب) بنو امیہ کے دفترِ اعمال میں سب سے زیادہ قوم کو برباد کرنے والا یہ واقعہ ہے کہ انھوں نے آزادی اور حق گوئی کا استیصال کر دیا تھا۔ عبدالملک نے تخت پر بیٹھ کر حکم دیا تھا کہ کوئی شخص میری کسی بات پر روک ٹوک نہ کرنے پائے اور جو شخص ایسا کرے گا سزا پائے گا اگرچہ اس پر بھی آزادی پسند عرب کی زبانیں بند نہ ہوئیں تاہم بہت کچھ فرق آ گیا تھا۔

4. درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+9

(i). مولانا ظفر علی خاں (ii). مناقب عمر بن عبدالعزیزؒ

5. حفیظ تائب کی نظم "نعت" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیے۔ 20

i). میری پسندیدہ شخصیت ii). انٹرنیٹ: فوائد اور نقصانات iii). انتہا پسندی

7. اپنے والد محترم کے نام خط لکھیں جس میں ماہانہ رقم میں اضافے کے لیے استدعا کریں۔ 10

☆☆☆☆

Inter- (Part-II)-A- 2016

| Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے | (For all sessions) | Paper Code 8 0 2 8 |
|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی) گروپ-II

وقت:30 منٹ نمبر:20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A، اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو C,B، A یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مار کر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1. (الف) درست جواب کا انتخاب کیجیے:

1. ڈاکٹر زیدی کس مرض میں مبتلا تھے؟
(A) تپ دق (B) ملیریا (C) وہم (D) نمونیا

2. روانگی کے وقت محمد بن قاسم کی فوج کی تعداد تھی۔
(A) پانچ سو (B) پانچ ہزار (C) دس ہزار (D) پچیس ہزار

3. مارکونی نے وائرلیس بنانے میں پہلی کامیابی کب حاصل کی؟
(A) ۱۸۹۴ء (B) ۱۸۹۵ء (C) ۱۸۹۶ء (D) ۱۸۹۷ء

4. شبلی نعمانی نے کون سا ادارہ قائم کیا؟
(A) کتب خانہ خدیویہ (B) ندوۃ العلما (C) علی گڑھ کالج (D) مدرسہ دیو بند

5. مزاج دار (اکبری) نے کون سی دو چیزیں پسند کیں؟
(A) تسبیح، خاک شفا (B) نادِ علی، کھجوریں (C) سُرمہ، خاک شفا (D) سُرمہ، نادِ علی

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

6. ''آبِ حیات'' شائع ---------
(A) ہو گئے ہیں (B) ہو گیا ہے (C) ہو گئی ہے (D) ہو گئی ہیں

7. میں نے چار پنسلیں اور ایک قلم ------
(A) خریدی (B) خریدے (C) خریدیں (D) خریدا

8. لڑکے اور لڑکیاں تعلیم حاصل ----------
(A) کرتی ہیں (B) کرتے ہیں (C) کرتا ہے (D) کرتی ہے

9. ساز و سامان، دکانیں، زمینیں ------------
(A) بک گئی (B) بک گئے (C) بک گئیں (D) بک گیا

10. میز اور کرسی --------
(A) ٹوٹے پڑے ہیں (B) ٹوٹی پڑی ہے (C) ٹوٹا پڑا ہے (D) ٹوٹی پڑی ہیں

(ج) درست رموزِ اوقاف کا انتخاب کیجیے۔

11. واوین کی علامت کی نشان دہی کیجیے۔
(A) ( ) (B) ——— ——— (C) : (D) " "

12. ! کی علامت استعمال ہوتی ہے۔
(A) حیرت کے اظہار کے لیے (B) غم یا خوشی کے اظہار کے لیے (C) مخاطب کرنے کے لیے (D) تینوں درست

13. مخففات کے بعد کون سی علامت لگاتے ہیں؟
(A) سکتہ (B) وقفہ (C) ختمہ (D) واوین

14. رابطہ کی علامت پر کتنا توقف کیا جاتا ہے؟
(A) وقفہ سے زیادہ (B) سکتہ سے زیادہ (C) بھرپور (D) مختصر

15. سوالیہ کی تعریف ہے۔
(A) جملے کا خاتمہ (B) حیرت کا اظہار (C) سوال پوچھنا (D) مختصر ٹھہراؤ

(د) درست امدادی افعال کا انتخاب کیجیے۔

16. اٹھنا:۔
(A) تم کب اٹھو گے؟ (B) وہ شہر سے اُٹھ آیا ہے (C) بچہ گدگدی سے کھِل اُٹھا (D) شکیل مجھے دیکھ کر اُٹھ آیا

17. جانا:۔
(A) وہ لاہور چلا گیا ہے (B) وہ کل جائے گا (C) اب تم جا سکتے ہو (D) وہ کالج جاتا رہتا ہے

18. نکلنا:۔
(A) سورج نکلا چاہتا ہے (B) شکاری جنگل سے نکل آیا (C) زخم سے خون بہ نکلا (D) وہ اپنا کام نکالنا چاہتا ہے

19. پڑنا:۔
(A) کتاب پڑی رہنے دو (B) میں رات بھر مسجد میں پڑا رہا (C) وہ ٹھوکر لگتے ہی گر پڑا (D) وہ بات بات پر اُلجھ پڑتا ہے

20. رکھنا:۔
(A) دوسروں کا خیال رکھو (B) میں روزے رکھ رہا ہوں (C) قلم دوات یہاں رکھی ہے (D) بچوں نے آسمان سر پر اٹھا رکھا ہے

Roll No.______ اُمیدوار خود پر کرے

(For all sessions)

| Subject Code | 6 | 0 | 0 | 2 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (انشائیہ)

گروپ -II

حصہ اوّل

وقت: 2:30 گھنٹے

کل نمبر =80

10=1+1+8

2. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔

شہروں میں انقلاب ، بیاباں میں انقلاب
محفل میں انقلاب ، شبستاں میں انقلاب
کس پر یہاں تغیرِ نو کا فسوں نہیں
اس بزم میں نصیب کسی کو سکوں نہیں

10=1+(3x3)

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔

(i) موت ! کیا آ کے فقیروں سے تجھے لینا ہے
مرنے سے آگے ہی ، یہ لوگ تو مر جاتے ہیں

(ii) دید و ادید جو ہو جائے ، غنیمت سمجھو
جوں شرر ورنہ ہم اے اہلِ نظر جاتے ہیں

(iii) بے ہنر ، دشمنیِ اہلِ ہنر سے آکر
منہ پہ چڑھتے تو ہیں ، پر جی سے اتر جاتے ہیں

حصہ دوم

15=1+1+3+10

3. درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سیاق وسباق، سبق کا نام اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔

(الف) ''سرسید کی وفات کے قریب زمانے ہی میں اُردو کی مخالفت کا آغاز ہوگیا۔ اگرچہ سرسید کی حالت اُس وقت نازک تھی تو بھی اس جواں ہمت بڈھے نے اس کے متعلق لکھا پڑھی شروع کر دی تھی۔ محسن الملک کے زمانے میں مخالفت نے اور زور پکڑا۔ اُردو کی حفاظت اور حمایت کے لیے ایک انجمن قائم کی گئی جس کا ایک عظیم الشان جلسہ لکھنؤ میں ہوا۔ اُس میں نواب محسن الملک نے بڑی زبردست اور پرجوش تقریر کی۔ جس کا لوگوں پر بڑا اثر ہوا اور جوش کی ایک لہر پھیل گئی''

(ب) ''ڈاکٹر گلبرگ مہم جُو آدمی ہیں۔ برسوں وہ گرین لینڈ جا کر اسکیموؤں کے ساتھ رہے۔ اُن کی زبان اور معاشرت اختیار کی۔ اُنھی کا سا بے نمک کھانا کھاتے رہے۔ یہی مچھلی، ریچھ کا گوشت وغیرہ، برف کے جھونپڑوں میں قیام کیا اور پھر یہ کتاب لکھی۔ اب میاں بی بی ایشیا اور مشرق بعید کے دورے پر نکلے تھے۔ کینیا، ہندوستان، تھائی لینڈ، اور نیپال ہوتے ہوئے پاکستان آئے تھے۔ اب کابل اور تہران ہو کر وطن واپسی کا پروگرام تھا''۔

10=1+9

4. درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔

(i) تشکیلِ پاکستان (ii) کولتستک

5

5. نظم ''ایک کوہستانی سفر کے دوران میں'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

20

6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیے۔

(i) محسنِ انسانیت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم (ii) اپنی مدد آپ (iii) دہشت گردی۔ایک لعنت

10

7. اپنے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھ کر اسے پڑھائی کے ساتھ ساتھ اپنے کالج کی ثقافتی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی تلقین کیجیے۔

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

Paper Code | 8 | 0 | 2 | 1

# اُردو لازمی (معروضی)

گروپ-I

وقت:30 منٹ

نمبر:20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیئے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو C,B،A یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

**.1 (الف) درست جواب کا انتخاب کیجیے:**

.1 فارسی زبان کو عدالتوں سے کب خارج کیا گیا؟

(A) 1836ء (B) 1837ء (C) 1838ء (D) 1839ء

.2 بحوالہ ''پہلی فتح'' فوج کی قیادت کتنے سال کے نوجوان کے سپرد تھی؟

(A) سترہ سالہ (B) اٹھارہ سالہ (C) انیس سالہ (D) بیس سالہ

.3 بحوالہ ''مولانا ظفر علی خاں'' کلکتے کے بعد مصنف نے کس شہر میں ملازمت اختیار کی؟

(A) دہلی (B) لکھنو (C) لاہور (D) کراچی

.4 بحوالہ ''ایک سفرنامہ جو کہیں کا بھی نہیں ہے'' افغانستان میں چھاپے کا کام کون کرتا ہے؟

(A) پرائیویٹ پریس (B) گورنمنٹ پریس (C) محکمہ آثار قدیمہ (D) محکمہ تعلیم

.5 محنت پسند خردمند کے پہلو میں کون کھڑے تھے؟

(A) تدبیر اور مشورہ (B) ہمت اور تحمل (C) امید اور ہنر مندی (D) احتیاج اور افلاس

**(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔**

.6 ''اخبار جہاں'' ہفتہ وار شائع ---------

(A) ہوتا ہے (B) ہوتی ہے (C) ہوتے ہیں (D) ہوتی ہیں

.7 اس کا باغ، دکانیں اور زمین سب بک -----

(A) گیا (B) گئی (C) گئے (D) گئیں

.8 ''مکتوبات اقبال'' چھپ -------

(A) گیا (B) گئی (C) گئے (D) گئیں

.9 --------- آپ چاہیں تو میری مدد کر سکتے ہیں۔

(A) خواہ (B) کیونکہ (C) اگر (D) جبکہ

.10 وہ خوب صورت تو ہے --------- اخلاق اچھے نہیں ہیں۔

(A) جبکہ (B) مگر (C) افسوس (D) چونکہ

**(ج) درست رموزِ اوقاف کا انتخاب کیجیے۔**

.11 وقفہ کی تعریف ہے۔

(A) مختصر ٹھہراؤ (B) مکمل ٹھہراؤ (C) سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ (D) بھرپور ٹھہراؤ

.12 یہ : علامت ہے۔

(A) سکتہ (B) وقفہ (C) تفصیلیہ (D) رابطہ

.13 اللہ ایک ہے۔میں علامت آئی ہے۔

(A) وقفہ (B) رابطہ (C) ختمہ (D) تفصیلیہ

.14 اسلم-----از ہرا اور عمر اچھے دوست ہیں۔خالی جگہ پر علامت آئے گی:

(A) ، (B) ؟ (C) : (D) !

.15 یہ '' '' علامت ہے۔

(A) ندائیہ (B) واوین (C) قوسین (D) سوالیہ

**(د) درست امدادی افعال کا انتخاب کیجیے۔**

.16 آنا:۔

(A) میرے پاس آجاؤ (B) صبح جلدی آنا (C) وہ کالج دیر سے آتا ہے (D) آخر گھاس اگ آئی

.17 لینا:۔

(A) اس نے کھلونا لیا (B) جلدی سے ناشتہ لو (C) وہ اخبار پڑھ لیتا ہے (D) وقت پر دوائی لینا

.18 رہنا:۔

(A) تم میرے پاس رہو (B) یار! گھر میں رہنا (C) پڑھنے کے بعد سو رہو (D) والدین کے ساتھ رہنا چاہیے

.19 چاہنا:۔

(A) اتنا مت چاہا کرو (B) وہ اسے بہت چاہتا ہے (C) طوفان آیا چاہتا ہے (D) تمہیں چاہنا میری مجبوری ہے

.20 ڈالنا:۔

(A) گلاس میں پانی ڈالو (B) عمر نے کتاب پھاڑ ڈالی (C) آج کا کام کل پر نہ ڈالو (D) رنگ میں بھنگ نہ ڈالو

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

اُردو لازمی (انشائیہ) گروپ - I

وقت: 2:30 گھنٹے کل نمبر =80

## حصہ اوّل

2. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+1+8

یہ پہلا سبق تھا کتاب ہدیٰ کا
کہ ہے ساری مخلوق کنبہ خدا کا

وہی دوست ہے خالقِ دوسرا کا
خلائق سے ہے جس کو رشتہ ولا کا

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+(3x3)

(i) جو کچھ کہ ہم نے کی ہے تمنا ملی مگر
یہ آرزو رہی ہے کہ کچھ آرزو نہ ہو

(ii) جوں شمع جمع ہوویں گر اہل زباں ہزار
آپس میں چاہیے کہ کبھی گفتگو نہ ہو

(iii) جوں صبح ، چاک سینہ مرا ، اے رفو گراں
یاں تو کسو کے ہاتھ سے ہرگز رفو نہ ہو

## حصہ دوم

3. درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سیاق و سباق، سبق کا نام اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 15=1+1+3+10

(الف) سرسید نے قدامت پسند مسلمانوں کو نئے زمانے کی ضروریات سے آگاہ کیا اور ہزار دقتوں سے ان کو نئے علوم کے حصول اور نئی حکومت سے تعاون پر آمادہ کیا۔ اپنی مذہبی تصانیف اور رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' کے اجرا سے انھوں نے ثابت کر دکھایا کہ اسلام عقل کے اصولوں پر مبنی ہے۔ اُن کی تعلیمی مساعی ۱۸۷۷ء میں تکمیل کو پہنچیں جب علی گڑھ کالج کا افتتاح ہوا جو کم از کم تیس برس تک مسلمانانِ ہند کا واحد قومی مرکز بنا رہا۔

(ب) غرض یہ کہ اول تو قدرت نے اپنے حسن کے لنگر یہاں جاری کر دیے تھے، جو کچھ کمی تھی وہ انسان نے پوری کر دی۔ اس شام ہم گھر کا سارا سودا لینے سُپر مارکیٹ گئے۔ بہت سے صاحبان اس ادارے کو جانتے ہیں لیکن بہت سی میری ہم وطن بہنیں اس کے متعلق جاننا چاہیں گی۔ تو سنیے سُپر مارکیٹ امریکن سرمایہ داری کا مکمل مظاہرہ اور امریکن طرزِ حیات کا بنیادی قلعہ اور اس کی لامحدود افراط کا ذخار ہے۔

4. درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+9

(i). مولانا ظفر علی خاں (ii). دستک

5. مجید امجد کی نظم ''ایک کوہستانی سفر کے دوران میں'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصّل مضمون لکھیے۔ 20

i). اسلام ۔۔۔۔ ایک مکمل ضابطۂ حیات ii). سائنس اور اکیسویں صدی iii). میرا پسندیدہ اردو شاعر

7. مالک مکان کو خط لکھیے اور مکان کی مرمت کے بارے میں ترغیب دیجیے۔ 10

Roll No.____________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Paper Code | 8 | 0 | 2 | 2 |
|---|---|---|---|---|

## اُردو لازمی (معروضی) گروپ-II

وقت: 30 منٹ نمبر: 20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

**1. (الف) درست جواب کا انتخاب کیجیے:**

1. نواب محسن الملک کو مطلق نہیں آتی تھی۔
(A) انگریزی (B) اردو (C) عربی (D) فارسی

2. مولانا ظفر علی خاں کی توند سے محروم ہونے کی وجہ تھی۔
(A) بیماری (B) ورزش (C) فاقہ کشی (D) کم خوراک

3. اکبری کو کس کے لاڈ پیار نے بگاڑا؟
(A) ماں کے (B) بہن کے (C) دادی کے (D) نانی کے

4. ہوائی کس ملک کی ریاست ہے؟
(A) چین (B) جاپان (C) امریکہ (D) برطانیہ

5. سبق "قرطبہ کا قاضی" ادب کی کون سی صنف ہے؟
(A) ڈرامہ (B) ناول (C) افسانہ (D) داستان

**(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔**

6. روز نامہ "نوائے وقت" لاہور سے شائع ------
(A) ہوتا ہے (B) ہوتی ہے (C) ہوتے ہیں (D) ہوتی ہیں

7. اسلم اور اجمل سویاں کھا ------
(A) رہا ہے (B) رہے ہیں (C) رہیں ہیں (D) رہے ہے

8. مشکل کے وقت مال، روپیہ، جائیداد کچھ کام نہیں ------
(A) آتی (B) آتے (C) آتیں (D) آتا

9. تبلیغی جماعت -----
(A) جارہی ہے (B) جارہا ہے (C) جارہی ہیں (D) جارہیں ہیں

10. ------ وہ آتا تو میں جاتا۔
(A) چوں کہ (B) کیوں کہ (C) اگر (D) جب

**(ج) درست رموزِ اوقاف کا انتخاب کیجیے۔**

11. کسی جذبے کے اظہار کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے۔
(A) ( ) (B) " " (C) ! (D) ؟

12. مخففات میں علامت استعمال کی جاتی ہے۔
(A) ختمہ کی (B) سکتہ کی (C) وقفہ کی (D) قوسین کی

13. کسی کو مخاطب کرنے کے لیے علامت استعمال کی جاتی ہے۔
(A) فجائیہ کی (B) ندائیہ کی (C) واوین کی (D) سوالیہ کی

14. جملۂ معترضہ کے ارد گرد علامت لگائی جاتی ہے۔
(A) قوسین کی (B) وقفہ کی (C) ختمہ کی (D) سکتہ کی

15. کسی کا قول اسی کے الفاظ میں نقل کرنا ہو تو قول کی ابتدا اور اختتام پر علامت لگتی ہے۔
(A) وقفہ کی (B) سوالیہ کی (C) رابطہ کی (D) واوین کی

**(د) درست امدادی افعال کا انتخاب کیجیے۔**

16. رکھنا۔
(A) بوتل میں کیا رکھا ہے (B) میں نے سارا بندوبست کر رکھا ہے
(C) اللہ نے محنت میں عظمت رکھی ہے (D) اللہ رکھی بڑے سلیقے والی ہے

17. لگنا۔
(A) وہ کام پر لگا ہوا ہے (B) تیر لگنے سے انسان کا کام تمام ہو جاتا ہے (C) دھوئیں سے میرا دم گھٹنے لگا (D) بچے کو کسی کام پر لگاؤ

18. رہنا۔
(A) وہ ٹھیک کام کر رہا ہے (B) تم کہاں رہتے ہو؟ (C) ہمیشہ اچھی جگہ رہو (D) وہ یہاں نہیں رہ سکتا

19. چاہنا۔
(A) میں اسے دل و جان سے چاہتا ہوں (B) چاہت بڑی ظالم ہوتی ہے (C) جہاں چاہ وہاں راہ (D) میں کام کرنا چاہتا ہوں

20. کرنا۔
(A) سلیم کا کام کر دو (B) تم یہاں کیا کر رہے ہو؟ (C) صبح سویرے اٹھا کرو (D) محنت کرنا اچھی بات ہے

Roll No.__________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

اُردو لازمی (انشائیہ)

گروپ II-

وقت: 2:30 گھنٹے

حصہ اوّل

کل نمبر =80

2. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+1+8

نہ مظلوم کی آہ و زاری سے ڈرنا
نہ مفلوک کے حال پر رحم کرنا
ہوا و ہوس میں خودی سے گزرنا
تعیش میں جینا، نمائش پہ مرنا

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+(3x3)

(i) جب عشق سکھاتا ہے آداب خود آگاہی
کھلتے ہیں غلاموں پر اسرار شہنشاہی

(ii) عطار ہو رومی ہو، رازی ہو غزالی ہو
کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہ سحر گاہی

(iii) اے طائر لا ہوتی اس رزق سے موت اچھی
جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی

حصہ دوم

3. درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سیاق وسباق، سبق کا نام اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 15=1+1+3+10

(الف) تقریر کے وقت منہ سے پھول جھڑتے تھے۔ آواز میں شیرینی اور دلکشی تھی۔ اکثر لوگ جوان سے ملنے یا کسی معاملے میں گفتگو کرنے آتے تو ان کی ذہانت اور لیاقت کے قائل ہو جاتے۔ ان کی خوش بیانی ایسی تھی کہ اکثر اوقات مخالف بھی مان جاتے۔ دکن میں رہتے رہتے اور بعض امراض کی وجہ سے بھی وہ شدید موسم کو برداشت نہیں کر سکتے تھے۔ ایسے زمانے میں وہ بمبئی چلے آتے۔

(ب) سب کچھ خدا نے ان کو دے رکھا تھا۔ دولت کی کچھ انتہا نہ تھی، نوکر چاکر، لونڈی غلام، پالکی نالکی سبھی کچھ تھا۔ ایک تو اولاد کی طرف سے رنجیدہ رہا کرتی تھیں۔ کوئی بچہ نہ تھا، دوسرے نواب صاحب کو ان کی طرف مطلق التفات نہ تھا۔ شاید اولاد نہ ہونے کے سبب محبت نہ کرتے ہوں، ورنہ بیگم صورت میں چندے آفتاب، چندے ماہتاب اور حسن و دولت پر مزاج ایسا سادہ کہ ہم جیسے ناچیزوں کو برابر بٹھانا اور پوچھنا۔

4. درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+9

(i). پہلی فتح (ii). مولوی نذیر احمد دہلوی

5. نظم "سراغ راہرو" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیے۔ 20

(i). میری پسندیدہ شخصیت "قائد اعظم" (ii). ہمارا نظام تعلیم (iii). دردِ دل کے واسطے پیدا کیا انساں کو

7. اخبار کے ایڈیٹر کے نام خط لکھ کر علاقے میں امن وامان کی خراب صورتِ حال پر تشویش کا اظہار کیجیے۔ 10

Roll No.________ امیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

| Paper Code | 8 | 0 | 2 | 5 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی) گروپ-I

وقت:30 منٹ — نمبر:20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

**1. (الف) درست جواب کا انتخاب کیجیے:**

1. قاضی یحییٰ بن منصور کے بیٹے کا نام تھا۔
(A) عبداللہ (B) منصور (C) علی (D) زبیر

2. شاہد احمد دہلوی نے مولوی نذیر احمد کو آخری بار کتنی عمر میں دیکھا؟
(A) پانچ برس کی عمر میں (B) سات برس کی عمر میں (C) آٹھ برس کی عمر میں (D) دس برس کی عمر میں

3. اکبری کی شادی ہوئی تھی۔
(A) محمد کامل سے (B) محمد عاقل سے (C) محمد اکمل سے (D) محمد اجمل سے

4. حضرت عمر بن عبدالعزیز کی پھوپھی تھیں۔
(A) اُمِ عمر (B) اُمِ عمارہ (C) اُمِ کلثوم (D) اُمِ حبیبہ

5. سبق "مولانا ظفر علی خاں" کس کتاب سے ماخوذ ہے؟
(A) چند ہم عصر (B) گنج ہائے گراں مایہ (C) مردم دیدہ (D) دھنک پر قدم

**(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔**

6. ----- محنت کرو گے تو پاس ہو جاؤ گے۔
(A) چونکہ (B) خواہ (C) اگر (D) کیونکہ

7. محنت کرو ----- یہی کامیابی کی کنجی ہے۔
(A) کہ (B) جب کہ (C) چونکہ (D) چنانچہ

8. "تعزیراتِ پاکستان" چھپ -----
(A) گئے ہیں (B) چکے ہیں (C) گیا ہے (D) گئی ہے

9. ہم نے جتنے خربوزے خریدے سب کو ----- پایا۔
(A) پھیکے (B) پھیکے جیسے (C) پھیکا (D) پھیکا پن

10. قمیض شلوار یہاں -----
(A) رکھی ہے (B) رکھا ہے (C) رکھے ہیں (D) رکھے ہو

**(ج) درست رموزِ اوقاف کا انتخاب کیجیے۔**

11. ندائیہ کی تعریف ہے۔
(A) جذبات کا اظہار (B) فقرے کی تکمیل (C) کسی کو پکارنا (D) مختصر ٹھہراؤ

12. سکتہ کی تعریف ہے۔
(A) سب سے کم ٹھہراؤ (B) مکمل ٹھہراؤ (C) وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ (D) بات مکمل ہونا

13. علامت ختمہ استعمال ہوتی ہے۔
(A) سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ کیلئے (B) جملہ مکمل ہونے کے بعد (C) مخاطب کرنے کیلئے (D) بات کی وضاحت کیلئے

14. : علامت ہے۔
(A) رابطہ کی (B) تفصیلیہ کی (C) وقفہ کی (D) ندائیہ کی

15. ؟ علامت ہے۔
(A) واوین کی (B) سوالیہ کی (C) سکتہ کی (D) خط کی

**(د) درست امدادی افعال کا انتخاب کیجیے۔**

16. ہونا:۔
(A) کاش! تم نے میری بات مانی ہوتی (B) شیر جنگل میں ہوتا ہے (C) تم کون ہو (D) تمہارا کام ہو گیا ہے

17. ڈالنا:۔
(A) کپڑے بیگ میں ڈال دو (B) تیری جدائی نے مار ڈالا (C) پانی جگ میں ڈالنا (D) ہم نے مل کر جھگڑا ڈالا

18. رہنا:۔
(A) اسلم ملتان میں رہتا ہے (B) اکرم یہاں آتا رہتا ہے (C) مجھے ابھی یہاں رہنا ہے (D) تم یہاں رہو

19. کرنا:۔
(A) ابھی سبق یاد کرنا ہے (B) یہ کام کرو (C) وہ یہاں آیا کرتا ہے (D) کچھ کام تم بھی کرو

20. پانا:۔
(A) وہ ابھی کام ختم نہیں کر پایا (B) محسن نے اپنا مقصد پا لیا (C) اُس نے انعام پایا ہے (D) مزدور نے مہینے کے بعد تنخواہ پائی

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

# اُردو لازمی (انشائیہ) گروپ -I

وقت: 2:30 گھنٹے

کل نمبر =80

## حصہ اوّل

10=1+1+8

2. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔

کیا پھولوں نے شبنم سے وضو صحنِ گلستان میں
صدائے نغمۂ بلبل اٹھی بانگ اذاں ہوکر
ہوائے شوق میں شاخیں جُھکیں خالق کے سجدے کو
ہوئی تسبیح میں مصروف ہر پتی زباں ہو کر

10=1+(3x3)

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔

(i) بس کہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا
آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا

(ii) وائے دیوانگیٔ شوق کہ ہر دم مجھ کو
آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا

(iii) عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنا مت پوچھ
عیدِ نظّارہ ہے شمشیر کا عریاں ہونا

## حصہ دوم

15=1+1+3+10

3. درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سیاق وسباق، سبق کا نام اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔

(الف) محدّث ابنِ جوزی نے بہ سند یہ واقعہ نقل کیا ہے کہ مسلمہ بن عبدالملک جو خاندانِ بنی اُمیہ کا دست و بازو تھا، نے ایک گرجا کے متولّیوں کے مقابلے میں دعویٰ دائر کیا۔ فریق مقدمہ جو عیسائی تھے، اجلاس میں حسبِ قاعدہ کھڑے تھے لیکن مسلمہ کو چونکہ خاندانی زعم تھا اس لیے بیٹھ کر گفتگو کرتا تھا۔ عمر بن عبدالعزیزؒ نے کہا، تمہارا فریق مقدمہ کھڑا ہے اس لیے تم بیٹھ نہیں سکتے تم بھی اس کے برابر کھڑے ہو جاؤ یا کسی اور کو مقرر کرو جو تمھاری طرف سے مقدمے کی پیروی کرے۔ مقدمے کا فیصلہ بھی مسلمہ کے خلاف کیا یعنی زمین متنازعہ گرجا کے متولّیوں کو دلا دی۔

(ب) ڈھلتے سورج میں بحرِ اکاہل کروٹیں بدل رہا تھا اور چاروں طرف زمردی آمریت مستحکم ہو چکی تھی۔ تاحدِ نظر سبزہ ہی سبزہ، یوں احساس ہوا کہ جزیرے اوواہو میں کہنہ مشق کائنات نئے سرے سے شباب پر آئی ہے۔ اس کے ننھے منے رقبے میں فطرت کا ہر رنگ ہر انگ پایا جاتا ہے۔ سمندر یہاں عمیق تر ہوتا چلا گیا ہے۔ یہ جنوبی یورپ کے آبی کناروں سے زیادہ نیلا اور چمکیلا ہے۔ دوپہر کے وقت اس نیلم کی بھڑک آنکھیں خیرہ کر دیتی ہے۔ میں نے وجدانی حسن میں اس طرح ڈوبے ہوئے ساحل بہت کم دیکھے ہیں۔

10=1+9

4. درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔

(i). پہلی فتح (ii). مولوی نذیر احمد دھلوی

5

5. مجید امجد کی نظم "ایک کوہستانی سفر کے دوران میں" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

20

6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیے۔

i). دہشت گردی اور اس کا علاج ii). علامہ اقبال بطور شاعر iii). انٹرنیٹ اور اس کا مثبت استعمال

10

7. آپ نے تفریحی مقام کی سیر کی ہے۔ اپنے دوست کو خط میں اس سیر کے تأثرات بیان کیجیے۔

☆☆☆

Inter- (Part-II)-A- 2018

Roll No.____________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

| Paper Code | 8 | 0 | 2 | 6 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی) گروپ-II

وقت: 30 منٹ

نمبر: 20

**نوٹ:** تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

**1. (الف) درست جواب کا انتخاب کیجیے:**

1. تدبیر اور مشورے کو محنت پسند خردمند کہاں ملا؟
   (A) دریا کنارے (B) دامنِ کوہ میں (C) وادی میں (D) پہاڑ کی چوٹی پر
2. سبق ''دستک'' ادب کی کون سی صنف ہے؟
   (A) ناول (B) افسانہ (C) ڈرامہ (D) داستان
3. علامہ ابنِ جوزی کون تھے؟
   (A) فلسفی (B) محدث (C) مؤرخ (D) فقیہہ
4. سید احمد کس مقام پر شہید ہوئے؟
   (A) بالاکوٹ (B) دلی (C) بریلی (D) لاہور
5. محکمہ بندوبست نے کون سا کام کیا؟
   (A) پیمائش اراضی کا (B) تقسیم اراضی کا (C) اشتمال اراضی کا (D) لگان بڑھانے کا

**(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔**

6. ماں بیٹا گھر۔۔۔۔۔۔
   (A) پہنچ گیا (B) پہنچ گئی (C) پہنچ گئے (D) پہنچ گئیں
7. ''کلیاتِ اقبال'' چھپ۔۔۔۔۔
   (A) گیا ہے (B) گئے ہیں (C) گئی ہے (D) گئیں ہیں
8. لڑکیوں نے کہا ہم۔۔۔۔۔۔
   (A) گاتی ہیں (B) گاتے ہیں (C) گاتیں ہیں (D) گاتی ہے
9. راوی لاہور میں۔۔۔۔۔۔
   (A) بہتی ہے (B) بہتا ہے (C) بہتے ہیں (D) بہتی ہیں
10. وہ گھر نہ گیا۔۔۔۔۔۔کالج چلا گیا۔
    (A) چونکہ (B) بلکہ (C) لہٰذا (D) ورنہ

**(ج) درست رموزِ اوقاف کا انتخاب کیجیے۔**

11. ''ایل ایل بی'' ان الفاظ میں کون سی علامت آئے گی؟
    (A) سوالیہ (B) ندائیہ (C) ختمہ (D) وقفہ
12. جس جملے میں حیرت کا اظہار کیا گیا ہو اس جملے کے آخر میں کون سی علامت آئے گی؟
    (A) استعجابیہ (B) رابطہ (C) سکتہ (D) واوین
13. ''احمد سکول جاتا ہے'' اس جملے کے آخر میں کون سی علامت آئے گی؟
    (A) ختمہ (B) سوالیہ (C) سکتہ (D) رابطہ
14. وقفے سے زیادہ ٹھہراؤ کے لیے کون سی علامت استعمال ہوتی ہے؟
    (A) رابطہ (B) سکتہ (C) ختمہ (D) واوین
15. ( :- ) اس علامت کا نام کیا ہے؟
    (A) ندائیہ (B) واوین (C) خط (D) تفصیلیہ

**(د) درست امدادی افعال کا انتخاب کیجیے۔**

16. چاہنا:۔
    (A) علی کیا چاہتا ہے؟ (B) طلبہ کو چاہیے کہ محنت کریں (C) ماں باپ کا ادب کرنا چاہیے (D) مجھے آپ کی توجہ چاہیے
17. ہونا۔
    (A) کاش میں نے وقت سے فائدہ اٹھایا ہوتا (B) یہ کیا ہو رہا ہے؟ (C) آپ آ بھی جاتے تو کیا ہوتا؟ (D) یہ تماشا روز ہوتا ہے
18. رکھنا:۔
    (A) بچے نے بڑے شوق سے روزہ رکھا (B) میرا قلم میز پر رکھا ہے
    (C) اچھا مال الگ باندھ رکھا ہے (D) کتابیں الماری میں رکھ دو
19. کرنا:۔
    (A) ہمیشہ کام دیانتداری سے کرو (B) احمد نے سوال حل کر لیا ہے (C) کاش وہ محنت کرتا (D) رات کو جلدی سویا کرو
20. جانا:۔
    (A) آپ کہاں گئے تھے؟ (B) ذرا جا کر دیکھو (C) مجھے جلدی جانا ہے (D) کچھ دیر اور رک جاؤ

Roll No.__________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

اُردو لازمی (انشائیہ)

گروپ -II

وقت: 2:30 گھنٹے

حصہ اوّل

کل نمبر 80

2. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+1+8

غبارِ راہ نشان ہے کسی تگ و پو کا
یقین ہوتا ہے نقشِ قدم سے رہرو کا
صنم تراش نہ ہو تو صنم نہیں بنتا
قدم نہ ہو تو نشانِ قدم نہیں بنتا

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+(3x3)

(i) نازک مزاج تھا میں بہت اس چمن کے بیچ
جب تک رہا تو خندہ گل سے حزیں رہا

(ii) ہمدم جو دیکھتا ہوں تو پہلو میں دل نہیں
بیٹھا تھا اُس کے پاس، مرا دل وہیں رہا

(iii) آخر کو ہو کے لالہ اُگا نو بہار میں
خونِ شہید عشق نہ زیرِ زمین رہا

حصہ دوم

3. درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سیاق و سباق، سبق کا نام اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 15=1+1+3+10

(الف) اس مسائی کا نتیجہ یہ ہوا کہ مذہب سے بیگانگی کم ہوگئی اور مغرب کی ذہنی غلامی سے نجات ملی لیکن ساتھ ہی ایک ایسی فضا بھی پیدا ہوگئی جس میں اپنی ہر چیز اچھی اور دوسروں کی ہر چیز بری نظر آنے لگی اس کی اصلاح ضروری ہوگئی اقبال نے آ کر اسلامی علوم کے غائر مطالعے کے بعد اپنا خاص اسلامی فلسفہ قوم کے سامنے پیش کیا جس کا مقصد کامل ترین انسان کی انفرادی نشو و نما ہے۔

(ب) کتابت کی غلطیاں تو دیکھو، ایک کالم میں پچاس غلطیاں اور کتابت کیسی عجیب ہوئی ہے، کوئی دائرہ بھی تو صحیح نہیں، غضب خدا کا، قرآن کی آیت غلط لکھ دی اتنا خیال نہ آیا کہ کلامِ الٰہی ہے، ستیاناس کر دیا اخبار کا۔ ان تمام کاپیوں کو جلا دو، از سرِ نو اخبار مرتب نہیں ہو سکتا، اعلان کر دو کہ کل اخبار نہیں نکلے گا۔ بلاؤ اختر کو، اختر! اختر کہاں ہے؟ کہاں ہے قاضی؟ قاضی! اخبار کو! بند کر دو! میں یوں اخبار نہیں نکالنا چاہتا۔

4. درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+9

(i). دستک (ii). اکبری کی حماقتیں

5. سید ضمیر جعفری کی نظم "آدمی" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیے۔ 20

(i). پاکستان: وسائل اور مسائل (ii). پاکستانی نوجوان (iii). سیرتِ طیبہ اور ہماری زندگی

7. چھوٹے بھائی کو خط لکھ کر موبائل فون کے غلط استعمال کے نقصانات سے آگاہ کیجیے۔ 10

☆☆☆

Inter- (Part-II)-A- 2019

Roll No.____________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Paper Code | 8 | 0 | 2 | 5 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی)

گروپ-I

وقت:30 منٹ

نمبر:20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1. (الف) درست جواب کا انتخاب کیجیے:

1. محمد بن قاسم کی فوج کی مجموعی تعداد کتنی تھی؟
(A) دس ہزار (B) گیارہ ہزار (C) بارہ ہزار (D) نو ہزار

2. کلکتہ کے حوالے سے سبق "ہوائی" میں کس شاعر کا نام آیا ہے؟
(A) میر تقی میر (B) مرزا غالب (C) مرزا سودا (D) علامہ اقبال

3. اکبری کے خاوند کا نام تھا۔
(A) محمد عاقل (B) محمد فاضل (C) محمد کامل (D) محمد بخش

4. رسالہ "تہذیب الاخلاق" کس نے جاری کیا؟
(A) علامہ اقبال (B) سرسید احمد خان (C) حالی (D) نذیر احمد

5. سید احمد بریلوی کس مقام پر شہید ہوئے؟
(A) علی گڑھ (B) لاہور (C) بالاکوٹ (D) پشاور

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

6. وہ حسین ہی نہیں بلکہ شوخ ------- ہے۔
(A) بھی (B) تو (C) مگر (D) بلکہ

7. کمرے میں استاد تھا ------- شاگرد
(A) یا (B) نہ (C) مگر (D) ہی

8. ہجوم نعرے لگا --------
(A) رہے ہیں (B) رہی ہے (C) رہا ہے (D) رہی ہیں

9. ماہنامہ "ادبی دنیا" بند ہو ------
(A) چکی ہے (B) چکا ہے (C) چکے ہیں (D) چکی ہیں

10. میاں بیوی ہنسی خوشی ------
(A) رہتے ہیں (B) رہتی ہے (C) رہتا ہے (D) رہتی ہیں

(ج) درست رموز اوقاف کا انتخاب کیجیے۔

11. وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ کے لیے جو علامت استعمال ہوتی ہے، وہ ہے۔
(A) ختمہ (B) رابطہ (C) وقفہ (D) سکتہ

12. :- یہ علامت ہے۔
(A) ندائیہ (B) واوین (C) سکتہ (D) تفصیلیہ

13. قوسین کی علامت ہے:
(A) ( ) (B) " " (C) — (D) !

14. حیرت اور خوشی کے اظہار کے لئے کونسی علامت استعمال ہوتی ہے؟
(A) فجائیہ (B) رابطہ (C) سکتہ (D) وقفہ

15. رابطہ کی علامت ہے۔
(A) " " (B) ؟ (C) : (D) !

(د) درست امدادی افعال کا انتخاب کیجیے۔

16. پڑنا:۔
(A) وہ فرش پر پڑا رہا (B) کتے کو مار ڈالو (C) کاپی کہاں پڑی ہے (D) اسلم گر پڑا

17. لینا:۔
(A) میں نے کتاب پڑھ لی (B) اُس نے کتاب اُدھار لی (C) وہ خبر لایا ہے (D) میں نے دوا لی

18. اٹھنا:۔
(A) جلدی اُٹھو (B) یہاں سے اُٹھو (C) وہ چیخ اٹھا (D) وہ اُٹھ گیا

19. آنا:۔
(A) وہ امتحان دے آیا (B) میرے پاس آؤ (C) وہ دیر سے آیا (D) تم کب آئے

20. دینا:۔
(A) اُس نے مجھے خط دیا (B) بچہ رو دیا (C) خیرات دینا اچھی بات ہے (D) پڑھائی کو وقت دو

Roll No.______ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

اُردو لازمی (انشائیہ) گروپ-I

وقت: 2:30 گھنٹے — کل نمبر =80

## حصہ اوّل

2. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+1+8

بلائیں شاخِ گُل کی لیں نسیمِ صُبح گاہی نے
ہوئیں کلیاں شگفتہ روئے رنگینِ بُتاں ہو کر
کیا پھولوں نے شبنم سے وُضو صحنِ گلستاں میں
صدائے نغمۂ بُلبل اُٹھی بانگِ اذاں ہو کر

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+(3x3)

(i) کیا فرق داغ و گُل میں کہ جس گُل میں بُو نہ ہو
کس کام کا وہ دِل ہے جس دِل میں تُو نہ ہو

(ii) ہووے نہ حول و قوت اگر تیری درمیاں
جو ہم سے ہو سکے ہے، سو ہم سے کبھو نہ ہو

(iii) جو کچھ کہ ہم نے کی ہے تمنّا، ملی مگر
یہ آرزو رہی ہے کہ کچھ آرزو نہ ہو

## حصہ دوم

3. درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سیاق وسباق، سبق کا نام اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 15=1+1+3+10

(الف) ہماری تاریخ میں آپ کو کوئی ایسا واقعہ نہیں ملے گا، جب سالار کی شہادت سے بددل ہو کر مجاہدوں نے ہتھیار ڈال دیے ہوں۔ ہم بادشاہوں اور سالاروں کے لیے نہیں لڑتے، ہم خدا کے لیے لڑتے ہیں۔ بادشاہوں اور سالاروں پر بھروسہ کرنے والے ان کی موت کے بعد مایوس ہو سکتے ہیں۔ لیکن ہمارا خدا ہر وقت موجود ہے۔

(ب) ہم سب کی زندگیوں میں مرحوم کے گھل مل جانے کا راز یہ تھا کہ اُن میں بظاہر کوئی بات غیر معمولی نہ تھی۔ وہ غیر معمولی قابلیت کے آدمی نہ تھے، دولت مند نہ تھے، کچھ بہت زیادہ ذہین بھی نہ تھے نہ انھیں توڑ جوڑ آتا تھا۔ نہ خوش پوشاک، نہ خوش گفتار، نہ خوش باش، نہ رنگین و رعنا، وہ معمولی آدمیوں سے بھی زیادہ معمولی تھے۔

4. درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+9

(i). مناقب عمر بن عبدالعزیزؒ (ii). دستک

5. سید ضمیر جعفری کی نظم ''آدمی'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصّل مضمون لکھیے۔ 20

i). تعلیم۔۔۔ضرورت واہمیت ii). میرا پسندیدہ شاعر iii). ہمارے اہم قومی مسائل

7. چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیے جس میں پڑھائی کے ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں میں حصّہ لینے کی تلقین کی گئی ہو۔ 10

☆☆☆

Inter- (Part-II)-A- 2019

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

| Paper Code | 8 | 0 | 2 | 6 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی)

گروپ-II

وقت:30 منٹ

نمبر:20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو C,B، A یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1. (الف) درست جواب کا انتخاب کیجیے:

1. دنیا کے سفر بیگم اختر ریاض الدین پر مسلّط رہے۔
(A) خطرناک (B) حسین (C) خوفناک (D) خوبصورت

2. ان کے لیے "غیورِ جنگ" کا خطاب تجویز ہوا تھا۔
(A) مولوی نذیر احمد (B) نواب محسن الملک (C) ایوب عباسی (D) ظفر علی خاں

3. عمر بن عبدالعزیزؒ نے بالکل مٹا دیا۔
(A) جھوٹ کو (B) منافقت کو (C) بدعت کو (D) شرک کو

4. ہندوستان میں اسلامی حکومت اورنگ زیب کی وفات کے بعد قائم رہی۔
(A) دو سو سال (B) دس سال (C) پچاس سال (D) ڈیڑھ سو سال

5. نواب محسن الملک اگر فارن منسٹر ہوتے۔
(A) امریکہ (B) ہوائی (C) پاکستان (D) ترکی

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

6. وہ دیر سے پہنچا-----کام مکمل کر آیا۔
(A) مگر (B) اگر (C) تو (D) تاکہ

7. سچ بولو-----ساری خدائی مخالف ہو جائے۔
(A) تاکہ (B) چنانچہ (C) اس لیے (D) خواہ

8. احمد نے قلم، کتاب اور کاپی-----
(A) خریدا (B) خریدی (C) خریدے (D) خریدیں

9. -----جہانگیر نہیں آتا اس لیے میں بھی نہیں جاتا۔
(A) کیونکہ (B) البتہ (C) چونکہ (D) اگر

10. ماں بیٹا گھر پہنچ-----
(A) گیا (B) گئی (C) گئے (D) گئیں

(ج) درست رموزِ اوقاف کا انتخاب کیجیے۔

11. : علامت ہے۔
(A) وقفہ (B) ندائیہ (C) رابطہ (D) تفصیلیہ

15. تفصیلیہ کی علامت ہے۔
(A) ، (B) :- (C) : (D) !

16. کسی کا قول یا اقتباس ہو بہو تحریر کرنا ہو تو علامت آئے گی۔
(A) قوسین (B) سوالیہ (C) وقفہ (D) واوین

17. مختصر ترین ٹھہراؤ کی علامت ہے۔
(A) - (B) : (C) ، (D) ؟

18. افسوس-----زاہد ناکام ہو گیا۔ علامت استعمال ہو گی۔
(A) فجائیہ (B) رابطہ (C) سکتہ (D) ختمہ

(د) درست امدادی افعال کا انتخاب کیجیے۔

16. لگنا:-
(A) آگ لگ گئی (B) وہ چوٹ لگنے سے تڑپ اُٹھا (C) وہ کیسا لگ رہا ہے؟ (D) وہ پانی پینے لگا

17. رہنا:-
(A) یہ کتاب یہاں رہنے دو (B) آپ کہاں رہتے ہیں؟ (C) احمد گاؤں میں رہتا ہے (D) وہ دن بھر سوتا رہا

18. اٹھنا:-
(A) یہاں سے اُٹھ جاؤ (B) صبح جلدی اُٹھا کرو (C) آگ بھڑک اُٹھی (D) خاکروب نے کوڑا اٹھا لیا

19. آنا:-
(A) کالج وقت پر آنا (B) اندر آ جاؤ (C) یہ کتاب اسے دے آؤ (D) وہ تاخیر سے آیا

20. پڑنا:-
(A) گاڑی چل پڑی (B) وہ گھر پڑا رہا (C) کسی کم ظرف سے کام نہ پڑے (D) اولے پڑ چکے ہیں

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے (For all sessions)

اُردو لازمی (انشائیہ) گروپ -II

وقت: 2:30 گھنٹے حصہ اوّل کل نمبر =80

2. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+1+8

کیا پھولوں نے شبنم سے وضو صحنِ گلستاں میں
صدائے نغمۂ بلبل اُٹھی بانگِ اَذاں ہو کر
ہوائے شوق سے شاخیں جھکیں خالق کے سجدے کو
ہوئی تسبیح میں مصروف ہر پتّی زباں ہوکر

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+(3x3)

(i) رونے سے کام بس کہ شب اے ہم نشیں رہا
آنکھوں پہ کھینچتا میں ، سرِ آستیں رہا

(ii) نازک مزاج تھا میں بہت اس چمن کے بیچ
جب رہا تو خندۂ گل سے حزیں رہا

(iii) ہمدم جو دیکھتا ہوں تو پہلو میں دل نہیں
بیٹھا اُس کے پاس ، مرا دل وہیں رہا

حصہ دوم

3. درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سیاق وسباق، سبق کا نام اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 15=1+1+3+10

(الف) ''دوسروں سے کام لینے کا اُنہیں بڑا اچھا سلیقہ تھا۔ وہ کچھ ایسے مہر آمیز طریقے سے کہتے تھے اور اس طرح ہمت افزائی کرتے تھے کہ لوگ خوشی سے اُن کا کام کرتے تھے۔ اپنے ملازموں اور ماتحتوں سے بھی اُن کا سلوک ایسا تھا کہ وہ ان کی فرمائش کی تعمیل ایسی تن دہی اور شوق سے کرتے تھے، جیسے اُن کا کوئی ذاتی کام ہو اور وقت پر جان لڑا دیتے تھے۔''

(ب) ''دِلی کالج سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد اُنہیں کوئی سرکاری ملازمت نہیں ملی تو سخت برہم ہوئے۔ پرنسپل سے جا کر ایک دن بولے: ''مجھے سرکاری ملازمت اگر نہیں دی گئی تو اُپلوں کی ڈنڈی کھولوں گا اور اُس پر دلی کالج کی سَند لگا دوں گا۔'' مگر اُس کی نوبت نہیں آئی اور اُنہیں ملازمت مل گئی۔''

4. درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+9

(i). نواب محسن الملک (ii). قرطبہ کا قاضی

5. مولانا الطاف حسین کی نظم ''اسلامی مساوات'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیے۔ 20

(i). اُردو زبان: ضرورت اور اہمیت (ii). پاکستان: ایک زرعی ملک (iii). ماحولیاتی آلودگی

7. اخبار کے مدیر کے نام خط لکھیے جس میں موبائل فون کے استعمال کے بڑھتے ہوئے رجحان کی طرف توجہ دلائی گئی ہو۔ 10

☆☆☆☆

Inter-(Part-II)-A-2022

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Paper Code | 8 | 0 | 2 | 7 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی)

گروپ-I

وقت: 30 منٹ

نمبر: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

.1 (الف) درست جواب کا انتخاب کیجئے : (5)

1 - سندھ پر فوج کشی کرتے وقت محمد بن قاسم کی عمر ______ سال تھی۔
(A) 17 (B) 18 (C) 19 (D) 20

2 - ایوب عباسی کا قد ______ فٹ تھا۔
(A) ساڑھے چار (B) پانچ (C) چھے (D) سات

3 - ڈاکٹر برہان نے ______ پہن رکھا تھا / رکھی تھی۔
(A) کوٹ (B) اوور کوٹ (C) برساتی (D) واسکٹ

4 - سید احمد شہید ______ میں دفن ہیں۔
(A) پشاور (B) بالاکوٹ (C) دِلّی (D) بریلی

5 - مصنفہ فضائی کمپنی ______ سے ہوائی روانہ ہوئیں۔
(A) ترک ایرویز (B) امارت ایرویز (C) پی آئی اے (D) بی او اے سی

(ب) مطابقت اور حروف کا درست استعمال مدِّ نظر رکھ کر درست جواب کا انتخاب کیجئے : (5)

6 - اپنی حرکتوں سے باز آجاؤ ______ مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا۔
(A) کیونکہ (B) ورنہ (C) چونکہ (D) آخر

7 - ______ دُولھا بھائی کتنے پیارے ہیں۔
(A) واہ (B) آہ (C) اُف (D) اگرچہ

8 - علم اور نیکی انسان کا درجہ بڑھا ______۔
(A) دیتی ہے (B) دیتا ہے (C) دیتے ہیں (D) دیتی ہیں

9 - " کلیاتِ آتش " چھپ ______۔
(A) گئے ہیں (B) گئی ہے (C) گیا ہے (D) گئی ہیں

10 - ہم صرف بے عمل ہی نہیں ______ لاعلم بھی ہیں۔
(A) لیکن (B) مگر (C) البتہ (D) بلکہ

(ج) رموزِ اوقاف کو ملحوظ رکھتے ہوئے، درست جواب کا انتخاب کیجئے : (5)

11 - وقفے سے زیادہ ٹھہراؤ کی علامت ______ ہے۔
(A) ، (B) : (C) :- (D) !

12 - جب تفصیل دینا مقصود ہو تو ______ کی علامت لگاتے ہیں۔
(A) رابطہ (B) سوالیہ (C) تفصیلیہ (D) قوسین

13 - " طبہ حجتہ الوداع کے اہم نکات یہ ہیں۔" آخر میں کون سی علامت آئے گی؟
(A) رابطہ (B) تفصیلیہ (C) سکتہ (D) وقفہ

14 - (:) یہ علامت ______ کی ہے۔
(A) رابطہ (B) ختمہ (C) وقفہ (D) سکتہ

15 - " وقاص ______ فہد اور حمزہ سیر کو گئے۔" اس جملہ میں وقاص اور فہد کے درمیان کون سی علامت آئے گی؟
(A) رابطہ (B) سکتہ (C) ختمہ (D) وقفہ

(د) اِمدادی اَفعال کے درست استعمال والے جملے کا انتخاب کیجئے : (5)

16 - رکھنا:
(A) کتاب میز پر رکھی ہے۔ (B) آپ میری بات یاد رکھنا۔
(C) ریحان نے مجھے زبردستی بٹھا رکھا ہے۔ (D) جگ میں پانی رکھنا۔

17 - کرنا:
(A) وہ کپڑے کے کارخانے میں کام کرتا ہے۔ (B) وہ ہر وقت ورزش کرتا ہے۔
(C) اپنا کام جلدی ختم کرو۔ (D) روزانہ قرآنِ پاک کی تلاوت کیا کرو۔

18 - اُٹھنا:
(A) وہ صبح سویرے اُٹھا۔ (B) اب اُٹھ بھی جاؤ۔
(C) یہاں سے مت اُٹھنا۔ (D) چور پولیس کو دیکھ کر بھاگ اُٹھا۔

19 - چاہنا:
(A) وہ مجھ سے قرض چاہتا ہے۔ (B) وہ مجھے چاہتا ہے۔
(C) ہمیں والدین کی عزت کرنا چاہیے۔ (D) وہ چاہتا ہے کہ گاؤں جائے۔

20 - رکھنا:
(A) کتاب میز پر رکھی ہے۔ (B) آپ میری بات یاد رکھنا۔
(C) ریحان نے مجھے زبردستی بٹھا رکھا ہے۔ (D) جگ میں پانی رکھنا۔

Inter-(Part-II)-A-2022

Roll No.______ امیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

# اُردو لازمی (انشائیہ)

گروپ-I

وقت: 2:30 گھنٹے

کل نمبر=80

## حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1=10)

کہاں بندگانِ ذلیل اور کہاں وہ ...... بسر کرتے ہیں بے غم قوت و ناں وہ
پہنتے نہیں جز سمور و کتاں وہ ...... مکاں رکھتے ہیں رشکِ خُلدِ جناں وہ

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3+3+3+1=10)

دنیا میں جب تلک کہ میں اندوہ گیں رہا ...... غم دل سے اور دل سے میرے غم، قریں رہا
رونے سے کام بس کہ شب اے ہم نشیں رہا ...... آنکھوں پہ کھینچتا میں، سر آستیں رہا
نازک مزاج تھا میں بہت اس چمن کے بیچ ...... جب تک رہا تو خندۂ گل سے حزیں رہا

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) الغرض ہمت اور تحمل ان سب کو جنگلوں اور پہاڑوں میں لے گئے۔ کانوں کا کھودنا، اتار چڑھاؤ ہموار کرنا، تالابوں سے پانی سینچنا، دریاؤں کی دھاروں کا رُخ پھیرنا، سب سکھایا۔ لوگوں کے دلوں پر اس کی بات کا ایسا اثر ہوا تھا کہ سب دفعۃً کمریں باندھ، آنکھیں بند کر، دیمک کی طرح رُوئے زمیں کو لپٹ گئے۔ عالمِ صورت چند روز میں رنگ نکال لایا مگر نئے ڈھنگ سے یعنی ساری زمین شہر، قصبوں اور گاؤں سے بھر گئی۔

(ب) بہت زمانے تک مواصلات یا پیغام رسانی کا کام کبوتروں سے بھی لیا گیا۔ خط اس کی گردن میں یا اس کے بازو میں باندھ دیا جاتا اور وہ اسے منزلِ مقصود پر پہنچا دیتا۔ ان کے ذریعے سیکڑوں سال تک پیغام رسانی ہوئی۔ انھیں پہلی بار کس نے استعمال کیا، اس کا تو علم نہیں مگر یہ بات تاریخ کی کتابوں میں بہ کثرت موجود ہے کہ مسلمان حکمرانوں نے انھیں پورے بلادِ اسلامیہ میں استعمال کیا ہے۔ شامِ، عراق، مصر اور ایران وغیرہ میں۔ ہندوستان کے مغل فرماں روا جہانگیر نے بھی اس کام کے لیے کبوتر پال رکھے تھے۔

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1 =10)

(i) مولوی نذیر احمد دہلوی (ii) دستک

5 - اسرار الحق مجاز کی نظم " نوجوان سے خطاب " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصّل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) شجرکاری کی ضرورت و اہمیت۔

(ii) بچپن ایک سنہری دور۔

(iii) قومی اتحاد۔

7 - اخبار کے مدیر کے نام، شہر میں گداگری کے بڑھتے رجحان کے بارے میں خط لکھیے۔ (10)

☆☆☆☆

Inter-(Part-II)-A-2022

| Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے | (For all sessions) | Paper Code | 8 | 0 | 2 | 8 |
|---|---|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی) گروپ-II

وقت: 30 منٹ — نمبر: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

(الف) درست جواب کا انتخاب کیجئے: (5)

1- کلکتہ کے حوالے سے سبق "ہوائی" میں شاعر ________ کا ذکر ہوا ہے۔
(A) مرزا غالب (B) میر تقی میر (C) مرزا سودا (D) علامہ محمد اقبالؔ

2- ایوان کے دریچوں میں سے ________ پر نظر پڑتی تھی۔
(A) چوک (B) بازار (C) باغ (D) فوج

3- ________ نے انیسویں صدی میں اپنی شاعری کے ذریعے مسلمانوں میں انقلاب کی لہر دوڑا دی۔
(A) فیض احمد فیض (B) سرسیّد احمد خاں (C) مولانا الطاف حسین حالیؔ (D) علامہ محمد اقبالؔ

4- رسالہ "تہذیب الاخلاق" ________ نے جاری کیا تھا۔
(A) حالی (B) سرسیّد (C) ظفر علی خاں (D) شبلی نعمانی

5- ________، مولوی نذیر احمد کے پوتے تھے۔
(A) بشیر الدین (B) مولوی عنایت اللہ (C) احمد حسن (D) شاہد احمد دہلوی

(ب) مطابقت اور حروف کا درست استعمال مدِّ نظر رکھ کر درست جواب کا انتخاب کیجئے: (5)

6- اس ہفتے "اخبارِ جہاں" تاحال شائع نہیں ________ ۔
(A) ہوا (B) ہوئی (C) ہوئے (D) ہوئیں

7- آج حمید کالج نہیں آسکا ________ اس کا بیٹا بیمار تھا۔
(A) اگرچہ (B) کہ (C) چنانچہ (D) کیونکہ

8- ________ محنت کرو گے تو کامیاب ہو جاؤ گے۔
(A) اگرچہ (B) جیسے (C) اگر (D) جب

9- گھر عورت کی جنت ________ ۔
(A) ہوتے ہیں (B) ہوتیں ہیں (C) ہوتا ہے (D) ہوتی ہے

10- ریوڑ گھاس چر ________ ۔
(A) رہی ہے (B) رہا ہے (C) رہے ہیں (D) رہی ہیں

(ج) رموزِ اوقاف کو ملحوظ رکھتے ہوئے، درست جواب کا انتخاب کیجئے: (5)

11- جو کرے گا ________ سو بھرے گا۔
(A) ؛ (B) ؟ (C) : (D) :-

12- اس علامت ، ____ ، کو ________ کہتے ہیں۔
(A) وقفہ (B) رابطہ (C) تفصیلیہ (D) خط

13- مخففات میں ________ کی علامت استعمال کی جاتی ہے۔
(A) سکتہ (B) ختمہ (C) وقفہ (D) قوسین

14- کسی کا قول اُسی کے الفاظ میں نقل کرنا ہو تو قول کی ابتداء اور اختتام پر ________ کی علامت لگتی ہے۔
(A) وقفہ (B) سوالیہ (C) رابطہ (D) واوین

15- اظہارِ خفگی کیلئے ________ کی علامت کا استعمال کیا جاتا ہے۔
(A) فجائیہ (B) ندائیہ (C) ختمہ (D) وقفہ

(د) اِمدادی اَفعال کے درست استعمال والے جملے کا انتخاب کیجئے: (5)

16- لینا:
(A) کیا لینا ہے؟ (B) اس نے کاپی خرید لی۔ (C) اس نے قلم لیا۔ (D) کتاب لاؤ۔

17- بیٹھنا:
(A) وہ کرسی پر بیٹھا۔ (B) کہاں بیٹھے ہو۔ (C) نیچے بیٹھو۔ (D) وہ اُٹھ بیٹھا۔

18- پڑنا:
(A) وہ پڑھتا رہا۔ (B) کتاب میز پر پڑی ہے۔ (C) وہ گر پڑا۔ (D) وہ راستے میں پڑا ہے۔

19- دینا:
(A) مجھے گھر جانے دو۔ (B) آواز دو۔ (C) اس نے درس دیا۔ (D) میں وہاں جا نکلا۔

20- نکلنا:
(A) وہ گھر سے نکلا۔ (B) میں وہاں جا نکلا۔ (C) سورج نکلا۔ (D) وہ نکل نہیں سکا۔

Inter-(Part-II)-A-2022

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

# اُردو لازمی (انشائیہ)

گروپ-II

وقت: 2:30 گھنٹے

کل نمبر=80

## حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1=10)

اُجڑا سا وہ نگر کہ ہڑپا ہے جس کا نام ...... اُس قریۂ شکستہ و شہرِ خراب سے

عبرت کی اِک چھٹانک برآمد نہ ہو سکی ...... کلچر نکل پڑا ہے منوں کے حساب سے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3+3+3+1=10)

وہی جہاں ہے ترا جس کو تو کرے پیدا ...... یہ سنگ و خشت نہیں جو تری نگاہ میں ہے

مہ و ستارہ سے آگے مقام ہے جس کا ...... وہ مُشتِ خاک ابھی آوارگانِ راہ میں ہے

خبر ملی ہے خدایانِ بحر و بر سے مجھے ...... فرنگ رہ گزرِ سیلِ بے پناہ میں ہے

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) میں لاہور آیا تو کچھ دنوں زمیندار کے دفتر میں بھی قیام رہا۔ ایک رات کا ذکر ہے کہ کسی نے پچھلے پہر میرا شانہ ہلایا۔ میں آنکھیں ملتا ہوا اُٹھ بیٹھا۔ لیکن ابھی صبحِ کاذب تھی، ہر طرف تاریکی چھائی ہوئی تھی۔ صرف اتنا معلوم ہوا کہ کوئی شخص میرے سرہانے کھڑا ہے، میں گھبرایا کہ الٰہی یہ کیا ماجرا ہے، اتنے میں مولانا کی آواز آئی کہ اٹھو میرے ساتھ سیر کو چلو۔

(ب) بہت زمانے تک مواصلات یا پیغام رسانی کا کام کبوتروں سے بھی لیا گیا۔ خط اس کی گردن میں یا اس کے بازو میں باندھ دیا جاتا اور وہ اسے منزلِ مقصود پر پہنچا دیتا۔ ان کے ذریعے سیکڑوں سال تک پیغام رسانی ہوئی۔ انھیں پہلی بار کس نے استعمال کیا، اس کا تو علم نہیں مگر یہ بات تاریخ کی کتابوں میں بہ کثرت موجود ہے کہ مسلمان حکمرانوں نے انھیں پورے بلادِ اسلامیہ میں استعمال کیا ہے۔

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1 =10)

(i) نواب محسن الملک (ii) مولوی نذیر احمد دہلوی

5 - احسان دانش کی نظم " تغیّر " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصّل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) ہمارا امتحانی نظام۔

(ii) ماحولیاتی آلودگی۔

(iii) میرا پسندیدہ شاعر۔

7 - معاشرے میں بڑھتے ہوئے سٹریٹ کرائم کے خاتمے کے لیے ڈپٹی کمشنر کے نام خط لکھیے۔ (10)

604-12-S-33040